فوری ریلیز کے لیے: 19/1/2023 گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL کی جانب سے انصاف سے متاثرہ فرد کی ملکیت میں نیو یارک کی پہلی بھنگ کی ڈسپینسری کے افتتاح کا اعلان***

***نیو یارک کی بھنگ کی صنعت کے لیے مینہیٹن میں 24 جنوری کو ایک بڑے سنگِ میل کا افتتاح***

***نیو یارک کے بھنگ کے سماجی انصاف کے سرمایہ جاتی فنڈ کی معاونت یافتہ، یہ ڈسپینسری فاسٹ ٹریک فروخت سمیت لائسنس یافتہ فرد کے لیے ابتدائی سرمایہ تشکیل دینے کا موقع فراہم کرتی ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست نیو یارک میں بالغان کے استعمال کے لیے پہلی مشروط ریٹیل ڈسپینسری کے لائسنس کا اعلان کیا جس کے مالک ایک ایسے آجر ہیں جنہیں ماضی میں امتناعِ بھنگ کے جرم میں ملوث قرار دیا گیا تھا اور جو نیو یارک کے سماجی انصاف کے بھنگ کے سرمایہ جاتی فنڈ کے معاونت یافتہ ہے، اس ڈسپینسری کا افتتاح مینہیٹن میں 144 بلیکر سٹریٹ پر 24 جنوری بروز منگل صبح 10:00 بجے ہو گا۔ اس سٹور کے افتتاح سے بھنگ کے لائسنسوں کی فراہمی کے عمل میں نیو یارک کے انصاف کے ان اہداف میں پیش رفت میں مدد ملتی ہے، جن سے عملِ انصاف سے وابستہ ایسے افراد کو لائسنسوں کی فراہمی میں ترجیح ملتی ہے، جو بھنگ کے حوالے سے جرائم میں ملوث ہیں یا ایسے ہی کسی ملوث فرد کے قریبی رشتہ دار ہیں۔

"یہ ڈسپینسری ملک کے اندر بھنگ کی صنعت کو انتہائی منصفانہ اور جامع بنانے کی ہماری کوششوں کی حالیہ ترین مثال ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "چونکہ ہم ماضی کی غلطیوں کو سدھارنے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہیں، لہٰذا میں ایسی نئی ڈسپینسریوں کے قیام کی منتظر ہوں - جو کہ ان افراد کی ملکیت میں ہوں، جو امتناعِ بھنگ کے عمل میں پولیس کی جانب سے نفاذِ قانون سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے - اور جن کا جلد افتتاح ہو۔"

مذکورہ ڈسپینسری، جسے سمیکڈ LLC کہا جاتا ہے، اس کے مالک و عمل کار Roland Conner ہوں گے، اور 20 فروری تک بطور "پاپ اپ" اس کا آزمائشی افتتاح ہو گا۔ چونکہ اس فنڈ سے چند اور ابتدائی ڈسپینسریوں کی بھی معاونت کی جائے گی، لہٰذا اس کے ذریعے لائسنس یافتگان کو فاسٹ ٹریک فروخت کا قلیل مدتی بنیادوں پر آغاز کرنے اور اپنے کاروباروں کے لیے سرمائے کی تشکیل کا موقع فراہم ہو گا، جس کے بعد وہ حتمی تعمیر کے لیے اسے بند کر دیں گے اور پھر اس کا طویل مدتی بنیادوں پر دوبارہ آغاز کریں گے۔

پاپ پروگرام عاملین کو کُل وقتی کاروبار کا آغاز کرنے سے قبل ابتدائی تربیتی مواقع کی فراہمی کی غرض سے ڈیزائن کیا گیا ہے، اور اس سے بھنگ کے سلسلۂ ترسیل سے وابستہ تمام کاروبار مستفید ہوں گے، بشمول وہ کاشتکار جن کی بھنگ کی فصل تقسیم کے لیے تیار ہے، وہ کارگزاران جو بھنگ کو دیگر اقسام کی مصنوعات کے لیے استعمال کر رہے ہیں، اس کے علاوہ تقسیم کاران، اور ریٹیل آپریٹرز سمیت وہ صارفین، سب کے سب اس میں شامل ہیں، جو قابلِ بھروسہ محفوظ تر مصنوعات تک رسائی کی تلاش میں ہیں۔

اس لائسنس کی موصولی سے قبل، Roland Conner پندرہ سال سے نیو یارک شہر میں پراپرٹی کے نظم کار کاروباروں کی ملکیت رکھتے تھے اور انہیں چلاتے تھے۔ موجودہ طور پر وہ ایک عبوری رہائشی سہولت گاہ کا انتظام چلا رہے ہیں جو کہ برونکس میں دو درجن افراد کو رہائش کی سہولت فراہم کر رہی ہے۔ Mr. Conner اپنے

بیٹے اور اہلیہ کے ہمراہ سمیکڈ LLC کا آغاز کر رہے ہیں۔ اس لائسنس کے لیے درخواست دینے کے عمل میں، Mr. Conner کو برونکس کینابیس ہب (Bronx Cannabis Hub) سے معاونت موصول ہوئی، جو کہ CAURD لائسنسوں کے پہلے مرحلے کے لیے درخواست دینے والے افراد کی معاونت کے لیے برونکس دفاع کاران ( Bronx Defenders) اور برونکس کمیونٹی فاؤنڈیشن کی جانب سے قائم کیا گیا تھا۔

**Mr. Roland Conner کا کہنا تھا کہ**، "میں نیو یارک شہر میں بھنگ کی قانونی ڈسپینسری کھولنے والے پہلے شخص کے طور پر تاریخ کا حصہ بننے کے لیے انتہائی پُرجوش ہوں۔ بھنگ کے حوالے سے میرے تجربے کے پیشِ نظر، میں کبھی تصور بھی نہیں کر سکتا تھا کہ میں اس طرح کا کوئی سٹور کھولوں گا۔ میں اپنے بیٹے اور اہلیہ کے ہمراہ نیو یارک میں ان کے ساتھ مل کر کاروبار شروع کرنے اور نسل در نسل مالی وسائل کی پیداوار کا یہ موقع پانے پر انتہائی شکرگزار ہوں۔ لیکن یہ صرف میری ذات اور میرے خاندان تک ہی محدود نہیں۔ اس کا تعلق ہر اس شخص سے ہے جو ماضی کے نشہ آور امواد کے حوالے سے سفاکانہ قوانین سے نقصان اٹھا چکا ہے۔ اس قانون کے ذریعے ان کوتاہیوں کی درستگی کے حوالے سے نیو یارک کا عزم متاثر کُن ہے۔ آج کے دن میرا یہاں کھڑے ہونا اس عزم کا ثبوت ہے"۔

**نمائندہ Dan Goldman نے کہا**، "میں گورنر Hochul اور ریاستی حکام کی جانب سے مجرمانہ انصاف کے نظام سے متاثرہ افراد کے لیے مواقع کو ترجیح دینے کی خاطر نیو یارک کے سماجی انصاف کے بھنگ کے سرمایہ جاتی فنڈ کے قیام پر ان کا معترف ہوں۔ آج کا اعلان یہ ظاہر کرتا ہے کہ نیو یارک کے باشندگان ان کمیونٹیز کے لیے ملازمتوں اور مواقع کی تخلیق کے لیے پُرعزم ہیں جو بھنگ کے تعزیری قوانین کے غیرمنصفانہ قوانین نفاذ سے غیر متناسب طور پر متاثر ہوئے ہیں۔"

**ریاستی سینیٹر Liz Krueger کا کہنا تھا کہ**، "حامیان کی جانب سے سالہا سا سال کی محنت کے بعد، یہ احساس نہایت خوش کُن ہے کہ بالغان کے زیرِ استعمال بھنگ کی ریٹیل مارکیٹ آخرکار حتمی شکل اختیار کرنا شروع ہو گئی ہے، اور اس مقصد کو انصاف اور نشہ آور امواد کے خلاف ناکام جنگ سے ہونے والے نقصان کی تلافی پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے پایۂ تکمیل تک پہنچایا جائے گا۔ نیو یارک کے باشندوں کو اب بھنگ کی ایک محفوظ، پائیدار اور ترقی پذیر مارکیٹ تک رسائی حاصل ہے جس کی جڑیں سماجی انصاف کے عزم میں پیوست ہیں۔ میری جانب سے Mr. Conner کے کاروبار کے لیے انہیں ڈھیر ساری نیک تمنائیں اور میں مستقبل قریب میں اسی طرح کے مزید افتتاحی اقدامات دیکھنے کا متمنی ہوں۔"

**اسمبلی کے اکثریتی رہنما Crystal Peoples-Stokes کا کہنا تھا کہ**، "میریجوانا ریگولیشن اینڈ ٹیکسیشن ایکٹ منظور کرتے وقت، ہم نے ریاست کو بھنگ کی ایک ایسی نئی صنعت کے قیام کے ایک نئے موڑ پر لا کھڑا کیا، جس کا مقصد ماضی کے نقصانات کی تلافی کرنے پر مبنی منصفانہ عمل ہے۔ مجھے بالغان کے استعمال کے لیے اس پہلی مشروط ریٹیل ڈسپینسری کے افتتاح کے حوالے سے ریاست نیو یارک کے جاری و ساری عزم کو دیکھ کر فخر محسوس ہو رہا ہے، جو کہ ایک سماجی و معاشی انصاف کے لائسنس یافتہ فرد کی ملکیت ہے اور نیو یارک کے بھنگ کے سماجی انصاف کے سرمایہ جاتی فنڈ کی معاونت یافتہ ہے۔"

**رکن اسمبلی Deborah J. Glick نے کہا**، "مجھے اس بات کی نہات خوشی ہے کہ جس ضلع کی نمائندگی میں کر رہی ہوں، وہاں ایک ایسی ڈسپینسری کا قیام عمل میں لایا جائے گا جو کہ ریاست نیو یارک کے بالغان کے مشروط استعمال کے لیے ریٹیل ڈسپینسری کے لائسنس یافتہ فرد کی ملکیت اور زیرِ عمل ہو گی۔ میں کمیونٹی کے لیے فکری انداز میں وابستگی اور قیادت پر دفتر برائے بھنگ کی انتظامیہ اور Mr. Roland Conner کی معترف ہوں، کیونکہ ہم میریجوانا ریگولیشن اینڈ ٹیکسیشن ایکٹ میں متعین کردہ اہداف کے نفاذ کے عمل کا آغاز کر رہے ہیں۔ گزشتہ امتناعِ بھنگ کے باعث سب سے زیادہ متاثرہ افراد کے لیے انصاف کو یقینی بنانے کی جانب یہ ایک اہم اقدام ہے۔"

**DASNY کے صدر اور CEO، Reuben McDaniel III کا کہنا تھا کہ**، "یہ اختراعی کاروباری خاکہ ظاہر کرتا ہے کہ حکومتی اور نجی شعبے سیاہ فام اور غیر سیاہ فام کمیونٹیز میں کئی نسلوں کے لیے مالی وسائل کی فراہمی کے مواقع تخلیق کرنے اور ماضی کی کٹر ناانصافیوں کا خاتمہ کرنے کے لیے کیسے مل کر کام کر سکتے ہیں۔ تمام ریاست نیو یارک میں مواقع کی تخلیق کی جانب ہمارے کام میں یہ ایک اہم سنگِ میل ہے، اور اس کے بعد مزید بہت

سے اقدمات کیے جائیں گے۔ میں اس فنڈ کے لیے انتہائی شکرگزار ہوں جس کی وجہ سے ہم آج کا دن دیکھنے کے قابل ہوئے، نیز DASNY اور CBRE میں موجود اپنے رفقائے کار کا بھی میں انتہائی مشکور ہوں جنہوں نے بےبہا معاونت اور خصوصی مہارتیں فراہم کیں۔"

**کینابیس کنٹرول بورڈ کی صدر، Tremaine Wright نے کہا،** "ایسے افراد کے زیرِ ملکیت ڈسپینسریاں بھنگ کی ایک منصفانہ صنعت کے قیام کے لیے قومی قیادت کرنے والے ماڈل کی تشکیل کی خاطر ہمارے عزم کی عمدہ مثال پیش کرتی ہیں جن کا مقصد ان نقصانات کی تلافی کے لیے کام کرنا ہے جو امتناعِ بھنگ کے نامناسب نفاذ کے سبب واقع ہوئے ہیں۔ گورنر Hochul اور مقننہ کی مستقل معاونت کے بغیر ہمارا اس مقام تک پہنچنا ناممکن تھا اور میں بھنگ کے حوالے سے اپنے ریاستی قانون کے مطابق اس صنعت میں پیش رفت اور ترقی کے جاری سفر کو دیکھنے کے لیے بےتاب ہوں۔"

**Chris Alexander، دفتر برائے بھنگ کے انتظام کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر نے کہا،** "گورنر Hochul کی جانب سے گزشتہ سال کے سیڈلنگ کے موقع کے اقدام کے آغاز پر، نیو یارک نے اس صنعت کو کاشتکاروں اور ان افراد کے ہمراہ درست بنیادوں پر شروع کرنے کے عزم کا اظہار کیا تھا، جو امتناعِ بھنگ سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے۔ ہم اس عزم کو زندہ رکھے ہوئے ہیں اور ایک ایسی قانونی مارکیٹ کا آغاز کر رہے ہیں جہاں صارفین کے لیے قابلِ بھروسہ محفوظ مصنوعات دستیاب ہوں گی۔"

**William Thompson، فنڈ کے جنرل پارٹنر سوشل ایکوئٹی امپیکٹ وینچرز کے پرنسپل نے کہا،** "یہ حکومتی نجی شراکت داری (Public-Private-Partnership، PPP) ایک وسیع منصوبہ ہے، اور یہ ایک نئی اور منفرد ساخت کی نمائندگی کرتی ہے، اور اس نوعیت کا منصوبہ ملک میں اپنے طرز کا پہلا منصوبہ ہے۔ ریاستی سطح پر ملکی رہنماؤں کا یہی عزم تھا اور اب اسے پایۂ تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے۔ مذکورہ فنڈ ہزاروں مقامات کا جائزہ لینے؛ لیز کے حوالے سے مذاکرات کرنے، ان کا نظم کرنے اور ان میں داخل ہونے؛ جگہ کے ڈیزائن کی تعمیر کی نگرانی کرنے؛ اور انفرادی سٹور آپریٹرز کی معاونت کے لیے مؤثر تربیت اور کارروائیوں کے پروگراموں کے نفاذ میں سبقت لے گیا ہے۔"

**برونکس کمیونٹی فاؤنڈیشن کے شریک بانی Desmon Lewis کا کہنا تھا کہ،** "Roland Conner ہی اصلاً اس قسم کے کاروباری مالک اور کمیونٹی رہنما ہیں جس کی گزشتہ سال برونکس کینابیس ہب کو برونکس دفاع کاران کے ہمراہ قائم کرتے وقت مدد کرنے کی کوشش ہم کر رہے تھے۔ نیو یارک کا جواز دہی کا قانون ان افراد اور کمیونٹیز کے لیے ملازمتیں اور مواقع تخلیق کرنے کا عہد کرتا ہے جو کئی دہائیوں تک لاقانونیت کا شکار رہے۔ ہم جانتے ہیں کہ یہ عہد بنا سرمایہ کاری و معاونت کے کبھی بھی حقیقت کا روپ نہیں دھار سکتے۔ یہ ایک معقول بات ہے کہ پورے شہر اور ریاست نیو یارک سے کمیونٹی ممبران برونکس - یعنی ایک ایسی کمیونٹی تک رسائی کر رہے ہیں، جو امتناعِ بھنگ سے سب سے زیادہ متاثر ہوئی - اور ان کا مقصد بھنگ کی اس نئی صنعت میں داخل ہونے کی خاطر مطلوبہ مدد کا حصول ہے۔"

**برونکس کینابیس ہب کی ڈائریکٹر Patrice Edwards نے کہا،** "Mr. Conner کا کارنامہ نہ صرف ان کے پختہ عزم اور حوصلے کا، بلکہ ان کی اقدار کا بھی گواہ ہے۔ بطور چھوٹے کاروبار کے مالک، Mr. Conner پہلے ہی اپنے ساتھی نیو یارک کے باشندگان کو ایک ایسے وقت میں ہنگامی اور عبوری رہائش کی تلاش میں مدد دے رہے ہیں، کہ جب کرائے اور انخلاء کا عمل تاحال عروج پر ہے۔ اور اب، Mr. Conner کی کامیابی، نشہ آور امواد کے سلسلے میں ہمارے ناکام قوانین اور پالیسیوں کے باعث عرصۂ دراز سے تردید کردہ، کئی نسلوں کے لیے مالی وسائل کی فراہمی کی خاطر بھنگ کی نئی مارکیٹ کے عہد کی شاہد ہے۔ ہمیں فخر ہے کہ ہب Mr. Conner کی معاونت کی استطاعت رکھتا ہے اور ہم ان کے جیسی کامیابی حاصل کرنے میں نیو یارک کے مزید باشندگان کی مدد کرنے کے خواہاں ہیں۔"

**برونکس دفاع کاران کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Justine Olderman نے کہا،** "برونکس دفاع کاران کو ریاست نیو یارک کے اس تاریخی سنگِ میل کا حصہ بننے پر فخر ہے۔ ہب کو لانچ کرتے وقت ہمارے ذہن میں صرف ایک ہی مقصد تھا: وہ یہ یقین دہانی تھی کہ نیو یارک ان افراد کے حوالے سے اپنے عہد کا پاس رکھے جو بھنگ کی لاقانونیت

سے سب سے زیادہ نقصان کا شکار ہوئے، اور اب یہی لوگ اسے جائز ٹھہرانے سے سب سے زیادہ مستفید ہوں گے۔ ریاست کو ہب جیسے سرمایہ کاری و معاونت کے اقدامات کو جاری رکھنے کے ذریعے یہ عمل تیزتر کرنا ہو گا۔ نشہ آور امواد کے خلاف جنگی میراث کو ازسرِنو تحریر کرنے کا وقت آ گیا ہے۔"

مذکورہ مقام اس فنڈ کے معاون یافتہ پروگرام کا حصہ ہے، جو سوشل ایکویٹی سروس کارپوریشن ( Social Equity Servicing Corporation، SESC)، ریاست نیو یارک کی ڈورمیٹری اتھارٹی کے ذیلی ادارے ( Dormitory Authority of the State of New York، DASNY) کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے، تاکہ CAURD لائسنسوں کے تحت چلنے والی بھنگ کی ڈسپینسریوں کے مقامات کی حصولیابی، ڈیزائن، تعمیر، اور ضروری ترسیلات میں معاونت دی جا سکے۔ گورنر Hochul اور ریاست نیو یارک کی مقننہ کی جانب سے اجازت یافتہ، مذکورہ فنڈ حکومتی نجی محدود شراکت داری ہے جو سماجی انصاف کے حامل آجرین کو ایسے مقامات تفویض کرنے کی خاطر قائم کی گئی ہے، کہ وہ نیو یارک کی نئی تخلیق کردہ، بالغان کے استعمال کی بھنگ کی صنعت میں کامیابی پا سکیں۔ سوشل ایکویٹی امپکیٹ وینچرز (Social Equity Impact Ventures) کے زیرِ انتظام، مذکورہ فنڈ عملِ انصاف سے وابستہ انفرادی CAURD لائسنس یافتگان کو بالغان کے استعمال کی بھنگ کی ریٹیل ڈسپینسریوں کے قیام کے اخراجات کی تکمیل میں مدد دے گا، جبکہ اس میں موزوں ریٹیل مقامات اور ڈیزائن کی شناخت اور لیزنگ، ان کی تعمیر اور اندرونی حصوں کی تیاری شامل ہو گی۔ بالغان کے استعمال کی بھنگ کی صنعت کی جانب سے لائسنس فیسوں اور محصولات کی مد میں اسے 50$ ملین جبکہ نجی شعبے کی جانب سے اسے 150$ ملین تک کی معاونت دی گئی ہے، اور اس رقم کی فراہمی فنڈ کا نظم کار کرے گا۔ فنڈ سے متعلق مزید جاننے کے لیے یہاں کلک کریں۔

ابھی تک CAURD لائسنس یافتگان کے لیے ابتدائی ڈیزائن اور تعمیر کی خاطر کئی مقامات دستیاب اور تیار ہیں۔ فنڈ کی جانب سے ان مقامات کے حوالے سے باقاعدگی سے اعلانات کیے جائیں گے

CAURD لائسنس ریاست نیو یارک کے سیڈلنگ کے موقع کے اقدام کے مرکزی ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس اقدام کے ذریعے، نیو یارک کی بالغان کے استعمال کی پہلی قانونی ریٹیل ڈسپینسریاں امتناعِ بھنگ کے قوانین کے نفاذ سے انتہائی متاثرہ افراد یا وہ غیر منافع بخش تنظیمیں چلائیں گی، جن کی خدمات سابقہ طور پر مقید افراد کے لیے معاونت پر مشتمل ہوں گی۔ یہ ڈسپینسریاں نیو یارک کے کاشتکاروں کی کاشت کردہ بالغان کے استعمال کے لیے بھنگ کی مصنوعات کی قانوناً جائز فروخت کریں گی۔

اہلیت رکھنے کے لیے، درخواست گزاران کا یا تو ازخود بھنگ سے متعلقہ کسی جرم میں سزایاب ہونا، یا پھر کسی ایسے فرد کا قریبی فردِ خانہ ہونا ضروری ہے، جو کہ کوئی ایسا کاروبار کرتا ہو، اور اس کا مالک ہو یا رہا ہو، جس سے کم از کم دو سال کی صافی حاصل آمدنی ہوئی ہو۔ غیر منافع بخش تنظیمیں CAURD لائسنسوں کے لیے اس صورت میں اہلیت رکھتی ہیں، کہ اگر ماضی میں انہوں نے حالیہ طور پر یا سابقہ طور پر مقید افراد کو خدمات فراہم کی ہوں، ان میں ان کے لیے پیشہ ورانہ مواقع کی تخلیق؛ عملِ انصاف سے وابستہ بورڈ میں کم از کم ایک ممبر کی رکنیت کا حصول؛ کم از کم پانچ کُل وقتی ملازمین؛ اور کوئی ایسی سماجی مہم چلائی ہو جس کے صافی اثاثہ جات یا منافع کم از کم دو سال کے برابر ہوں، سب شامل ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں